# دھماکے کے زخم : بنیادی حقائق

## کلیدی تصورات

- بم اور دھماکے ایسے منفرد انداز میں زخم کا موجب بنتے ہیں جو لڑائی کے علاوہ میں شاذ و نادر ہی دیکھنے میں آتے ہیں
- تمام تر ابتدائی حادثات کا نصف متقاضی ہوتا ہے کہ ایک گھنٹے کی مدت میں طبی امداد طلب کی جائے
- زیادہ تر شدید زخمی افراد کم زخمی افراد کے بعد ہی پہنچتے ہیں، جو بلحاظ ضرورت EMS درجہ بندی سے صرف نظر کرتے ہوئے براہ راست قریب ترین ہسپتالوں میں جاتے ہیں
- زیادہ تر زخمی افراد متعدد حساس زخموں اور کند جذباتی صدمات سے دوچار ہوتے ہیں
- محدود جگہوں (عمارتوں، بڑی گاڑیوں، کانوں) میں ہونے والے دھماکے اور / یا ڈھانچہ کے انہدام سے بڑی تعداد میں ہلاکتیں اور خرابیاں رونما ہوتی ہیں۔
- بچ جانے والوں میں دھماکے سے پیدا ہونے والے بنیادی زخم زیادہ تر بند / محدود جگہوں میں ہونے والے دھماکوں ہی میں دیکھنے میں آتے ہیں
- کسی بھی دھماکہ کے شکار مریضوں کی مکرر جانچ اور ان کی تشخیص کرتے رہیں
- بم کی تمام سرگزشتوں میں کیمیائی اور / یا شعاعی آلودگی کے امکانات پوشیدہ ہوتے ہیں
- مریضوں کی درجہ بندی اور جان بچاؤ طریقوں کو اپنانے میں تاخیر سے کام نہیں لیا جانا چاہئے کیونکہ اس کے شکار فرد میں تابکاری آلودگی کا امکان موجود ہوتا ہے؛ دیکھ بھال کرنے والوں کو یہ مسئلہ درپیش ہونے کا خدشہ کم پایا جاتا ہے
- عالمگیر احتیاطی تدابیر پہلے معاون اور پہلے امداد وصول کرنے والے فرد کی تابکاری کی ثانوی آلودگی کے خلاف مؤثر طور پر تحفظ فراہم کرتی ہیں
- جن افراد کے زخم جلد یا جھلی نما نسیج کو غیر محفوظ بنانے کا موجب بنتے ہیں، ان کے لئے ہیپٹائٹس B کا ٹیکہ (7 دنوں کے اندر) اور عمر کی مناسبت سے ٹیٹنس ٹوکسائیڈ کے ٹیکے (اگر حالیہ نہ ہوں)

## دھماکے کے زخم

- <u>اول</u>: ضرورت سے زیادہ دباؤ کی قوت (دھماکہ لہر) سے آنے والے زخم جسم کی سطح کو متاثر کرتے ہیں
  - TM کی ٹوٹ پھوٹ، پھیپھڑوں کی خرابی اور انسداد ہوا، خالی آنتوں کا زخم
- <u>دوم</u>: بم سے اڑ کر نکلنے والے مواد (بم کے چھرے، ادھر ادھر جا کر گرنے والے ملبے) سے پیدا ہونے والے زخم
  - حساس صدمہ، شکستگی کے زخم، کند جذباتی صدمہ
- <u>سوم</u>: دھماکہ کی ہوا سے اس کے شکار فرد کی تبدیلی جگہ سے پیدا ہونے والے زخم
  - کند / حساس جذباتی صدمہ، ہڈی ٹوٹنا اور صدماتی قطع اعضاء
- <u>چہارم</u>: دھماکہ سے پیدا ہونے والے دیگر تمام زخم
  - کچلے جانے کی وجہ سے آنے والے زخم، جل جانا، خون میں آکسیجن کی کمی، زہر سے متاثر ہونا، دیرینہ مرض کی ابتری

## دھماکے سے ہونے والے ابتدائی زخم

- <u>پھیپھڑے زخمی ہونا</u>
  - علامات عام طور سے ابتدائی تشخیص کے وقت موجود ہوتی ہیں، لیکن عین ممکن ہے 48 گھنٹے کی تاخیر سے ظاہر ہوں
  - کھوپڑی میں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے والے مریضوں میں زیادہ عام ہونے کی اطلاعات ملی ہیں۔ %10 سے زائد BSA جلن، سر یا دھڑ میں آنے والا حساس زخم
  - پھیلی ہوئی خون ریزی سے یکجا خون ریزی کے اعتبار سے مختلف ہونا
  - کسی بھی شخص میں دھماکے کے بعد ضیق النفس، کھانسی، خون کی قے، یا سینہ میں درد کا شبہ
  - CXR: "بٹر فلائی" طریق کار
  - NRB ماسک، CPAP، یا ET نالی کے ذریعہ خون میں آکسیجن کی کمی سے محفوظ رکھنے کے لئے O2 کا زیادہ بہاؤ کافی ہوتا ہے
  - پھیپھڑوں کی چوٹ سے مشابہ سیلانی منجمنٹ؛ نسیج کی تزریق کو یقینی بناتے ہیں لیکن حجم کے ضرورت سے زیادہ وزن سے گریز کرتے ہیں

نظر ثانی 3/25/2008

- خون کی بہت زیادہ قے، ہوائی گزر کے تصفیہ یا سانس لینے میں ناکامی کی صورت میں سانس کی نالی میں سے نالی گزارنا
  - قابل ذکر ہوا کے رسنے یا خون کی شدید قے کی صورت میں انتخابی تنگی نفس کی نالی لگانے پر غور کریں
  - مثبت دباؤ سے سوراخ کی ٹوٹ پھوٹ یا ہوائی انسداد کا خدشہ پیدا ہو سکتا ہے
- پھیپھڑوں پر انتہائی دباؤ یا خون کے ایک جگہ جمع ہو جانے کی طبی شہادت کے لئے فوری رد فشار
- عام بے ہوشی یا ہوا کی منتقلی سے پہلے دافع مرض سینہ کی نالی پر غور کریں
- ہوائی انسداد سے فالج، MI، شدید پیٹ کا درد، قوت بصارت سے محرومی، قوت سماعت سے محرومی، ریڑھ کی ہڈی میں زخم، لنگ پیدا ہو سکتے ہیں
  - $O_2$ کا انتہائی بہاؤ، چت یا منہ کے بل لٹانا، نصف بائیں پہلو، یا بائیں پہلو کی جانب رکھنا
  - غیر معمولی ماحولیاتی دباؤ کے $O_2$ معالجے کے لئے منتقلی پر غور کریں

- <u>پیٹ کے زخم</u>
  - گیس بھرے حصے سب سے زیادہ آسانی سے زخمی ہو جاتے ہیں (بالخصوص بڑی آنت کا نچلا بڑا حصہ)
  - معدے میں سوراخ، خون ریزی (کم خون ریزی سے زیادہ خون ریزی)، فقرہ کی جھلی کے عقب میں زخم، ٹھوس اعضاء کے ناہموار زخم، اور فوتوں کی شکستگی
  - کسی بھی شخص میں پیٹ درد، متلی، قے، خون کی قے، مقعد میں درد، پیشاب کرنے میں تکلیف، فوتوں میں درد، غیر واضح خون کے حجم میں کمی کا شبہ
  - طبی علامات ابتدائی طور پر معمولی ہو سکتی ہیں یہاں تک کہ شدید پیٹ کا درد یا جراثیم سے آلودگی کا عمل پیشرفت کر جائے

- <u>کان کے زخم</u>
  - وسط کان کی جھلی دھماکے سے آنے والا سب سے عام زخم ہے
  - کان کے زخم کی علامات عام طور پر معلومات کی فراہمی پر بآسانی مشاہدہ میں آتی ہیں (قوت سماعت سے محرومی، کان بجنا، کان درد، چکر آنے کا احساس، بیرونی نالی سے خون بہنا، کان سے مواد رسنا)

### دیگر زخم

- کسی بھی بازو یا ٹانگ کا صدماتی قطع اعضاء کثیر نظامی زخموں کی ایک علامت ہوتا ہے
- عارضی بے ہوشی عام ہے اور اسے بآسانی نظر انداز کر دیا جاتا ہے
- انتہائی آلودہ زخموں کے لئے ملتوی ابتدائی خاتمے پر غور کریں، اور ٹیٹنس کے ٹیکے کی صورت حال کی تشخیص کریں
- کمپارٹمنٹ سنڈروم، اعصاب کے زخم کے باعث مخرب تبدیلیاں، اور گردوں کا شدت سے کام کرنا چھوڑ دینے کا تعلق ساخت کے تصادم، طویل ازالہ، شدید جلن، اور بعض زہریلے پن سے جڑا ہوتا ہے
- صنعتی اور دہشت گردی دونوں دھماکوں میں سانس کے ذریعہ اندر چلے جانے والے زہر (CO, CN, MetHgb) سے متاثر ہونے کے امکان پر غور کریں
- بچ جانے والوں کی قابل ذکر فیصدی تعداد کو آنکھ کے سنگین زخموں سے دوچار ہونا پڑے گا

### سبھاؤ

- مشاہدے، داخلے، یا فارغ کرنے کے سلسلے میں کوئی معینہ اصول رہنمائی موجود نہیں
- اسپتال سے فارغ کئے جانے کے فیصلوں کا دارومدار متعلقہ زخموں پر بھی ہوگا
- حمل کی دوسری یا تیسری سہ ماہی میں کڑی نگرانی کے لئے داخل کرائیں
- زخموں، سر کے زخم، آنکھ، کان، اور تناؤ سے متعلقہ شکایات کا بغور معائنہ
- کان کے زخم میں مبتلا مریضوں کو ممکن ہے کان بجنے یا قوت سماعت سے محرومی کا سامنا کرنا پڑے؛ ہو سکتا ہے بات چیت اور ہدایات کو تحریر کرنے کی نوبت پیش آ جائے

**اضافی معلومات:** www.bt.cdc.gov/masstrauma/index.asp